کفن سے بچا ہوا کپڑا استعمال کرنا

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3074

تاریخ اجراء: 14ربیع الاول1446ھ /19ستمبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا کفن سے بچا ہوا کپڑا استعمال کر سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

میت کو کفن دینے کے بعد اگر کفن سے کپڑا بچ جائے، تو قابلِ استعمال ہونے کی صورت میں اسے جائز استعمال میں لا سکتے، اس میں کوئی حرج نہیں، محض کفن کا کپڑا سمجھ کر برا شگون لینا اور پھینک دینا، ناجائز و اسراف ہے۔

پھر اگر کفن میت کے مال سے لیا گیا ہو تو بچنے والے کپڑے کو ترکہ میں شمار کیا جائے گا، اور اگر کسی نے اپنی ذاتی رقم سے خرید کر دیا ہو تو دینے والے کی ملک پر باقی ہے، اس کی اجازت سے کسی بھی جائز مَصرف میں استعمال کیا جا سکتا ہے، الغرض اس کا عمومی حکم عام کپڑوں کی طرح ہے، لہذا اسے ضائع کرنا ہرگز درست نہیں۔

بہارِ شریعت میں ہے "ہندوستان میں عام رواج ہے کہ کفنِ مسنون کے علاوہ اوپر سے ایک چادر اُڑھاتے ہیں وہ تکیہ دار یا کسی مسکین پر تصدق کرتے ہیں اور ایک جانماز ہوتی ہے جس پر امام جنازہ کی نماز پڑھاتا ہے وہ بھی تصدق کر دیتے ہیں، اگر یہ چادر و جانماز میّت کے مال سے نہ ہوں بلکہ کسی نے اپنی طرف سے دیا ہے (اور عادۃً وہی دیتا ہے جس نے کفن دیا بلکہ کفن کے لیے جو کپڑا لایا جاتا ہے وہ اسی انداز سے لایا جاتا ہے جس میں یہ دونوں بھی ہو جائیں) جب تو ظاہر ہے کہ اس کی اجازت ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں اور اگر میّت کے مال سے ہے تو دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ ورثہ سب بالغ ہوں اور سب کی اجازت سے ہو، جب بھی جائز ہے اور اگر اجازت نہ دی تو جس نے میّت کے مال سے منگایا اور تصدق کیا اس کے ذمہ یہ دونوں چیزیں ہیں یعنی ان میں جو قیمت صرف ہوئی ترکہ میں شمار کی جائے گی اور وہ قیمت خرچ کرنے والا اپنے پاس سے دے گا، دوسری صورت یہ کہ ورثہ میں کُل یا بعض نابالغ ہیں تو اب وہ دونوں چیزیں ترکہ سے ہرگز نہیں دی جا سکتیں، اگرچہ اس نابالغ نے اجازت بھی دیدی ہو کہ نابالغ کے مال کو صرف کر لینا حرام ہے۔

لوٹے گھڑے ہوتے ہوئے خاص میّت کے نہلانے کے لیے خریدے تو اس میں یہی تفصیل ہے۔(بہار شریعت، ج 1، حصہ 4، ص 822،821، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net